Music By Hasan Lal Bhagat

کوانٹرا آرٹ پروڈکشنز کا پیش کردہ

دشمن

दुश्मन

Dushman

اداکاران

اوشا کرن - دیو آنند -

روبی - پربھودیال

رادھا کرشن - مینو ممتاز

کہانی: — پنڈت مکند رام شرما

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری دہلی کی تیرہ ہزار عورتوں نے آواز اُٹھائی کہ فلمیں ہمارے بچوں کو بگاڑتی ہیں، اُنہیں بُرا راستہ دکھاتی ہیں۔
"دُشمن" اُن کے لئے ایک جواب ہے۔
پردہ پر دیکھیں۔

دُشمن کے گانے

گانا نمبر ۱

ڈھاکے کی ململ منگانا بلم جی — اِتنا کرم فرمانا بلم جی
ململ کی ہلکی سی اُجلی چُنریا
اوڑھوں تو دیکھے زمانہ بلم جی — اِتنا کرم....
ڈھاکے کی ململ منگانا بلم جی

کاشی سے گم گم، متھرا سے جھانجھن
بِندیا بنگال کی، آگرے کے کنگن
دلّی کی آرسی، ساڑی بنارسی
ہاتھ سے اپنے پہنانا بلم جی — اِتنا کرم....
ڈھاکے کی ململ منگانا بلم جی

میری قسم تم آنا نہ خالی یورپ کی خوشبو، بمبئی کی لالی
اُنڑ کا گجرا، دکھن کا گجرا
جیسے بنے ویسے آنا بلم جی — اِتنا کرم....
ڈھاکے کی ململ منگانا بلم جی
نِکلوں جی گھر سے گھونگھٹ نکالے

ہر کوئی اپنے دِل کو سنبھالے
دیکھو جی پیار سے مولہ سنگار ہے
مجھ کو بنانا سجانا بلم جی — اتنا کرم .....
ڈھاکے کی ململ منگانا بلم جی

نمبر ۲ گلنار:- تیکھے ہیں نینوا کے بان، جی دھوکہ نہ کھانا
زلفوں کے ناگ ہیں زہری، پھیلے ہیں جال سنہری
جان کے رہانہ انجان - جی دھوکہ نہ کھانا — تیکھے ہیں....
چمک رہی ہیں میری شوخیوں میں شمشیریں
چھنک رہی ہیں میری پائلوں میں زنجیریں
پلکیں ہیں تیز کٹاریں
نظریں چلتی تلواریں، بچنا نہیں ہے آسان
جی دھوکہ نہ کھانا — تیکھے ہیں....
اُستاد:- اپنے قبضہ میں آج ہے تقدیر - ٹوٹ کر گر پڑے گی ہر زنجیر
ڈرتے ہیں کب دِل والے - ہنس ہنس کے بان چلالے
یہ بھی تیرا ہے احسان
گلنار:- جی دھوکہ نہ کھانا — تیکھے ہیں....
محفل میں اب نیا ہی نظارہ ہے دیکھنا
میری ہر اک ادا میں اشارہ ہے دیکھنا
کہیں ہوں بچ کے رہنا دیکھو جی پھر نہ کہنا
دُنیا بڑی ہے بے ایمان - جی دھوکہ نہ کھانا
تیکھے ہیں نینوا کے بان، جی دھوکہ نہ کھانا — تیکھے ہیں....

نمبر۳ لڑکی:۔ بہار آئی۔ گھٹا چھائی
کورس:۔ بہار آئی۔ گھٹا چھائی
لڑکی:۔ جیا رہ رہ کے لہرائے
کورس:۔ جیا رہ رہ کے لہرائے
لڑکی:۔ کوئی ایسے میں
کورس:۔ کوئی ایسے میں آجائے
لڑکی:۔ رنگیلی رُت ہے ساون کی
کورس:۔ ہے ساون کی
لڑکی:۔ بڑی دھڑکن میرے من کی
کورس:۔ میرے من کی
لڑکی:۔ بجی ہے ہائے
کورس بجی ہے ہائے
لڑکی:۔ بجی ہے دُور شہنائی بہار آئی گھٹا چھائی
جیا رہ رہ کے لہرائے۔ کوئی ایسے میں۔۔
کورس:۔ کوئی ایسے میں آجائے
لڑکی:۔ پڑے جھولے۔ جھکے بادل
کورس:۔ جھکے بادل
لڑکی:۔ کھلے جوڑے۔ اُڑے آنچل
کورس:۔ اُڑے آنچل
لڑکی:۔ ہوا خوشبو نے مہکائی۔ بہار آئی گھٹا چھائی۔ کوئی ایسے میں۔۔
کورس:۔ کوئی ایسے میں آجائے

نغمہ گاڑیبان :۔ او لوٹنے والے دُنیا کو، اک دن تو بھی لٹ جائیگا

لڑکی :۔ لُٹ جائے گا

گاڑیبان :۔ ہے وقت ابھی نادان سنبھل گر گر نہ سنبھلنے پائے گا

لڑکی :۔ لُٹ جائے گا

گاڑیبان :۔ جن کانٹوں سے تو کھیل رہا، تیرا ہی دامن پکڑیں گے
تجھ کو ہی خونی ہاتھ تیرے، زنجیریں بنکر جکڑیں گے
جو خون بہایا ہے تو نے۔ وہ خون کبھی رنگ لائیگا

لڑکی :۔ لُٹ جائے گا

گاڑیبان :۔ ہے وقت ابھی نادان ۔۔۔ او لوٹنے والے ۔۔
جیسی کرنی ویسی بھرنی یہ ریت ہے اوپر والے کی
تو لاکھ کیے جا من مانی، پر جیت ہے اوپر والے کی
دُنیا سے چھپا سکتا ہے مگر، اُس سے کیا پاپ چھپائیگا

لڑکی لُٹ جائے گا

گاڑیبان :۔ ہے وقت ابھی نادان ۔۔۔ او لوٹنے والے ۔۔
کب سے اک کرن اُجالے کی رستہ تجھکو دکھلاتی ہے
تیری اندھیاری راہوں میں اک دیوی جوت جلاتی ہے
اس جوت سے جوت جلا لے تو کب تک یوں ٹھوکر کھائیگا
لُٹ جائے گا ۔ او لوٹنے والے ۔۔۔

نغمہ جادوگر ۔ نام ہے جھٹ پٹ ۔ مسٹر جھٹ پٹ
کام ہے الٹ پٹ ۔ بالکل الٹ پٹ ۔ میں جادوگر بنگالے کا
ساتھی ہوں میں سب کا یارو ۔ دشمن دل کے کالے کا ۔ میں جادوگر ۔۔

ہاتھ میں میرے دیکھ رہے ہو یہ جادو کا ڈنڈا
دیکھنے والوں کے دل کو کر دیتا ہوں یوں ٹھنڈا — میرا ڈنڈا بول رہا ہے

لڑکے:۔ کیا بول رہا۔ کیا بول رہا۔ کیا بول رہا

جادوگر:۔ جو لالہ چپکے چپکے اپنی جیب ٹٹول رہا

لڑکے:۔ ہاں اپنی جیب ٹٹول رہا

جادوگر:۔ کہہ دو اس سے بُرا نہ مانے — بول بھئی بُرا نہ مانے
مال چُرا کر بھاگا ہے، ایک سیٹھ کے سالے کا — او میں جادوگر۔۔

لڑکے:۔ نام ہے جھٹ پٹ ...... کام ہے اٹ پٹ ...

جادوگر:۔ او میں جادوگر بنگالے کا
بولو اس کو پھول بنا دوں

لڑکے:۔ ہاں پھول بنا دو

جادوگر:۔ بولو اس کو دھول بنا دوں

لڑکے:۔ ہاں دھول بنا دو

جادوگر:۔ بولو اس کو ابھی اُڑا دوں

لڑکے:۔ ہاں ابھی اُڑا دو

جادوگر:۔ پھرررر — اُڑ جا اُڑ جا اُڑ جا اُڑ جا اُڑ جا اُڑ جا بن کے پنچھی

لڑکے:۔ وہ اُڑا بھئی وہ اُڑا

جادوگر:۔ کہہ دو تو اب لا دوں بلا

لڑکے:۔ ہاں لا دو بلا — ہاں لا دو بلا

جادوگر:۔ کر لو آنکھیں بند سبھی تم اور بجاؤ تالی بار دو
جو دیکھے کا بن کے کانا — مشکل ہوگا واپس آنا

جو نہ بجائے تالی — اُس کی جیب رہے گی خالی
اُسکی جھگڑے گی گھر والی — دیگی گن گن سو سو گالی
اور بجاؤ تالی یارو اور بجاؤ تالی

بمکہ لڑکی:۔ اجی لوٹ لیا دِلکو بہانے کرکے۔ جاؤ سیّاں جھوٹے زمانے بھر کے
لڑکا:۔ ایسے منہ نہ پھیرو ستم کرکے۔ کہ دیکھا نہیں تم کو نظر بھر کے
لڑکی:۔ نظروں میں تیری کیا ہے پیا جان گئے ہم
یہ جان کے بھی دِل کا کہا مان گئے ہم۔ اجی مان گئے ہم
کیا ہوگا آگے مورا جیا دھڑکے۔ جاؤ سیّاں......
لڑکا:۔ ایسے منہ نہ پھیرو ستم کرکے
لڑکی:۔ جاؤ سیّاں.....
لڑکا:۔ مِل جائے تیرا ہاتھ تو مِل جائے زمانہ
جی بھر کے لوٹ لوں خوشیوں کا خزانہ۔ خوشیوں کا خزانہ
ہم سے نہ رہو گوری یوں دُور دُور رکے۔ کہ دیکھا نہیں تمکو نظر بھر کے
لڑکی:۔ اجی لوٹ لیا...... ارے جاؤ سیّاں...
نبھانا ہے اگر ہاتھ تو پھر ساتھ نبھانا
لڑکا:۔ جائیگا کہاں بچکے میرا دِل یہ دیوانہ۔ اجی دِل یہ دیوانہ
مارے ہوئے ہیں ظالم تیری ہی نظر کے
لڑکی:۔ ہو جاؤ سیّاں...
لڑکا:۔ ایسے منہ نہ پھیرو ستم کرکے۔ کہ دیکھا نہیں...
لڑکی:۔ جاؤ سیّاں....
بمکہ جنم جنم کی پریت ہماری جیون بھر کا ساتھ رہے

لاج میرے گھونگھٹ کی ساجن راکھیو اپنے ہاتھ رے
واری واری جاؤں تو پہ بلہاری جاؤں رے
نینوں میں بھر کے گجرا سرمہ دیا نہ جائے
بسیں جہاں پر بتیاں موری [illegible] جاگوں سمائے
تم سنگ ناطہ جوڑ کے بیٹھی سارا جگ بسرائے
واری واری جاؤں...

تم بن میرا جیون کیا ہے۔ میت میرے [illegible] پران میرے
مان میرے ابھیمان میرے تم جگ جگ کے وردان ہو
من مندر کی جوت تمہیں ہو تم ہی تو بھگوان میرے ۔ واری واری...
جنم جنم کی پریت...... لاج میری گھونگھٹ.... واری واری..

ختم شد

(الہ آباد پریس دہلی)